brampton.ca BRAMPTON Flower City

media release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز میں بین الاقوامی شہرت کے حامل نامی گرامی ماہرین خطاب کریں گے

برامپٹن، آن (9 جنوری 2020) – سٹی آف برامپٹن نے تمام رہائشیوں کو دعوت دی ہے کہ وہ برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز میں شرکت کے لیے تشریف لائیں، جو کہ ایک مفت اور پرجوش تقریب ہو گی جس میں بین الاقوامی شہرت کے حامل ایسے قائدین تشریف لائیں گے جنھوں نے دنیا بھر کے شہروں میں تغیراتی تبدیلیوں کا نفاذ انتہائی کامیابی سے کیا ہے۔

کئی دنوں پر مشتمل اس تقریب میں، برامپٹن کے رہائشیوں کو برامپٹن کو مزید ترقی یافتہ بنانے کے حوالے سے دس معروف مقررین، بشمول ڈیوڈ کرومبے اور اسٹیفن لیوس، کے خطابات سننے اور ان کے ساتھ وقت گزارنے کا موقع ملے گا۔ شرکاء کو برامپٹن کے ریسٹورینٹس کے نمونوں کے لذیذ پکوانوں کے مزے اڑانے اور مقامی تفریح سے لطف اندوز ہونے کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔

برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز ایک بڑے پروجیکٹ کا حصہ ہے جس کا مقصد برامپٹن 2040 پلان (نیا باضابطہ پلان) کو فروغ دینا ہے۔ یہ موقع ان کئی مواقع میں سے پہلا ہو گا جو برامپٹن 2040 ویژن کو اگلی ربع صدی کے دوران برامپٹن کی ترقی میں رہنمائی کے حصول کے تخیل کو عملی جامہ پہنانے تک کے سفر میں مفید اور معاون ثابت ہو گا۔ برامپٹن 2040 ویژن ہمیں رہائشوں، انڈسٹری، دفاتر اور دکانوں کی بہترین تیاری میں رہنمائی فراہم کرے گا اور اس کے علاوہ ہماری بڑھتی ہوئی شہری ضروریات کے لیے درکار انفراسٹرکچر بشمول سڑکوں، پارکس، نقل و حمل، اسکولوں اور تفریحی سہولت گاہوں کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہو گا۔

برامپٹن 2040 سپیکر سیریز کا آغاز مورخہ 22 جنوری سے ہو رہا ہے اور اس کا انعقاد بدھ کے چار متواتر ایام کو شام 7 تا رات 9 بجے تک ہو گا۔ دروازے شام 6 بجے کھلیں گے۔ مقررین کا سلسلہ درج ذیل ہے:

**22 جنوری**

**کین گرین برگ** ایک اربن ڈیزائنر، ٹیچر اور رائیٹر ہیں۔ سابقہ طور پر وہ سٹی آف ٹورانٹو میں بطور ڈائریکٹر آف اربن ڈیزاں اینڈ آرکیٹیکچر اپنی خدمات سر انجام دے چکے ہیں اور گرین برگ کے کنسلٹینٹ بھی رہے ہیں۔

**ڈیوڈ کرومبی** 1972 تا 1978 تک ٹورانٹو کے میئر اور رائل کمیشن آن دی فیوچر آف ٹورانٹو واٹر فرنٹ کے صدر کے طور بھی اپنی خدمات سر انجام دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے کینیڈا کے اربن انسٹی ٹیوٹ کے صدر اور سی ای او کی حیثیت سے بھی خدمات سر انجام دی ہیں۔

**29 جنوری**

**اسٹیفن لیوس** نے اونٹاریو کی قانون ساز اسمبلی کے رکن، اونٹاریو نیو ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنماء، اقوام متحدہ میں سفیر اور یونیسف کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے طور پر بھی کام کیا ہے، وہ اسٹیفن لیوس فاؤنڈیشن کے شریک صدر ہیں اور ایک بین الاقوامی معاونتی تنظیم 'ایڈز فری ورلڈ' کے شریک ڈائریکٹر اور شریک بانی بھی ہیں۔

**زہرہ ابراہیم** ڈیلوٹی آن سٹیز (Deloitte on Cities) اور ڈیزائن اینڈ گورنینس کی ایگزیکٹو ایڈوائزر ہیں اور پورے کینیڈا کے لیے سیاسی اور عوامی مفادات کی ترغیبات کے پروگراموں میں بطور سینئر ایڈوائز بھی اپنی خدمات سر انجام دے رہی ہیں۔

**5 فروری**

**بریڈ کنگ** لارڈ کلچرل ریسورسز میں بطور وائس پریزیڈینٹ اپنی خدمات سر انجام رہے ہیں، جہاں پر انہوں نے دنیا کے 15 ممالک میں 200 سے زیادہ عجائب گھروں کی منصوبہ بندی میں معاونت کی ہے یا قیادت بھی کر چکے ہیں۔

**گِل پینالوسا** ایک غیر منافع بخش تنظیم 80 8 سٹیز اینڈ ایمبیسیڈر آف ورلڈ اربن پارکس کے بانی اور صدر ہیں۔ وہ دنیا بھر میں فیصلہ سازوں اور کمیونٹیز کو مشورے دیتے ہیں کہ عمر، صنف، قابلیت اور معاشرتی، معاشی یا نسلی پس منظر سے بالاتر ہو کر، تمام شہریوں کے لیے مساوی طور پر متحرک شہروں اور صحت مندانہ کمیونٹیز کو کیسے فروغ دیا جائے۔

**پامیلا بلیس** ایک اربن پلانر اور میٹروپول کنسلٹینٹس لمیٹڈ کی پرنسپل ہیں۔ وہ شہری مسائل کا تجزیہ کرنے اور جدید پالیسی کی تیاری کے لیے درکار منصوبہ بندی، معاشی اور ماحولیاتی سوچ کو مربوط کرتے ہوئے بہتر شہروں کی تشکیل پر توجہ دیتی ہے۔

**12 فروری**

**ایان لاک ووڈ** ایک لِوایبل ٹرانسپورٹیشن انجنیئر ہیں انہوں اپنی مہارتوں کا استعمال "سٹی سٹرکچر" (یعنی سڑکوں اور گلیوں کے جال بچھانا اور کھلے مقامات رکھنا) کے شعبے میں کیا ہے تاکہ شہری اور نیم شہری علاقوں کی تشکیل کے عمل میں بہتری لائی جا سکے۔

**ڈین برڈن** بلیو زونز میں ڈائریکٹر آف انوویشن اینڈ انسپائریشن ہیں اور 'واک ایبل اینڈ لِوایبل کمیونٹیز انسٹیٹیوٹ' جو کہ ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے اور صحت مندانہ اور مربوطہ کمیونٹیز کی تشکیل کے لیے یہ تنظیم پورے شمالی امریکہ میں کام کرتی ہی، کے شریک بانی اور سابقہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں۔

**جوہ مِنی کوزی** ایک اربن پلانر ہیں جو زمین کے استعمال، اربن ڈیزائن اور معاشیات کے بارے میں سوچ اور جدید تصوّرات کو سامنے لانے کے لیے نئے طریقوں کے بارے میں سوچتے ہیں۔ 2017 میں، جوہ کو شہری سوچ کے حامل اب تک کے 100 بااثر افراد میں سے ایک کے طور پر تسلیم کیا گیا تھا۔

برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز اور برامپٹن 2040 پلان کے بارے میں مزید معلومات www.brampton.ca/2040speakerseries پر حاصل کریں۔ رجسٹریشن لازمی ہے مگر ٹکٹ مفت ہیں اور ٹکٹ یہاں سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

**اقتباسات**

"برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز ایک انتہائی دلچسپ تقریب ہو گی، جو برامپٹن کو عالمی شہرت یافتہ رہنماؤں سے متاثر ہونے کا ایک نادر موقع فراہم کرے گی، اور اس کے علاوہ یہ جاننے میں بھی معاون ثابت ہو گی کہ آئندہ ربع صدی کے دوران برامپٹن میں کیا کچھ ترقی ہونی چاہیے۔ میں تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس پروقار تقریب میں ضرورت شرکت کریں اور اپنے اہم معاملات پر اپنی آواز سامنے لائیں۔ ہم مل کر ہی برامپپٹن 2040 کے سفر کی منزل تک پہنچ سکتے ہیں۔"

- *میئر پیٹرک براؤن*

"رہائشیوں کو پرزور دعوت دی جاتی ہے کہ وہ برامپٹن 2040 اسپیکر سیریز میں شرکت کے لیے تشریف لائیں اور اس بارے میں اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کریں کہ آگے بڑھنے کے لیے ہم کیسے ایک زیادہ قابل استحکام، شہری سہولتوں سے مزین، متحرک اور معاشی طور پر ایک کامیاب سفر جاری رکھ سکتے ہیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے**۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

media release

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca